موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

10 سے 12 نومبر 2025

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع صاف رہنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25 سے 30 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 13 سے 16 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

پچھلی فصل کی باقیات زمین میں ملائیں۔ کاشت کے لئے گندم کی منظور شدہ اقسام کا گریڈ کیا ہوا بیج استعمال کریں۔ منظور شدہ اقسام میں سویرا 2024، فلک 2024، عروج 2022، نشان 2021، نواب 2021، دلکش 2020، سبحانی 2021، صادق 2021، غازی 2019، اناج 2017، بکھر سٹار 2019 اور فخر بکھر 2017 سر فہرست ہیں۔ گندم کی کاشت کے لئے زمین کی تیاری کریں۔ گندم کی ترجیحاً اگیتی کاشت کو فروغ دیں کیونکہ اگیتی کاشتہ گندم پر بیماریوں کا حملہ کم ہوتا ہے اور پیداوار بھی زیادہ ہوتی ہے۔ بروقت ڈرل سے کاشت کی صورت میں 40 کلوگرام اور چھٹے کی صورت میں 50 کلوگرام فی ایکڑ بیج کا بندوبست کریں۔ پانی کی بچت کے لیے گندم کی کاشت کھیلیوں پر کریں اور 5 کلوگرام فی ایکڑ اضافی بیج استعمال کریں۔ پوٹاش اور فاسفورسی کھادیں بجائی کے وقت استعمال کریں اور ڈرل سے کاشت کی صورت میں بذریعہ ڈرل استعمال کریں۔

کماد

کماد کی کٹائی سے ایک مہینہ پہلے آبپاشی بند کر دیں۔ کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مدنظر رکھ کر کریں۔

آم

آبپاشی بند کر دیں۔ اگر پودے پر نئی شاخیں اور پتے موجود ہیں تو ان پر کسی بیماری یا کیڑے کے حملے کی صورت میں اس کا تدارک کریں۔ پودے میں کانٹ چھانٹ کا عمل مکمل ہو چکا تاہم پودے کے اندر روشنی کی ترسیل کو ممکن بنانے کے لئے ضروری کانٹ چھانٹ کا عمل جاری رکھیں۔ باغ میں کیڑوں اور بیماریوں کے حملے کی روک تھام کے لئے حفاظتی سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرینچ بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔